# ایس و پی برائے تعمیر نئی بلڈنگ یا موجودہ بلڈنگ میں اضافہ / مرمت

1۔ گھر کی تعمیر کے دوران تعمیراتی سامان ساتھ والے صرف ایک خالی پلاٹ میں (اگر موجود ہو) میں رکھیں۔ ارد گرد کے سارے پلاٹوں میں نہ رکھا جائے۔

2۔ تعمیراتی مصالحہ اپنے پلاٹ کی حدود میں بنایا جائے۔ اس کے لئے سڑک کو ہرگز استعمال نہ کیا جائے اور نہ ہی کسی قسم کا تعمیراتی سامان سڑک پر اور نہ ہی ریمپ پر رکھا جائے۔ ورنہ مبلغ -/1000 روپے روزانہ کے حساب سے جرمانہ کیا جائے گا۔

3۔ تعمیراتی سامان لے کر آنے والی گاڑیوں سے کسی بھی قسم کا نقصان سوسائٹی کا (بجلی، پانی، گیس، سیوریج اور سڑک وغیرہ) ہوا تو مکان مالک اس کی مرمت اور تعمیر کا خرچہ فوری ادا کرئے گا اور اسکے مطابق مکان مالک کو جرمانہ بھی کیا جائے گا۔

4۔ سوسائٹی نے سڑکوں کے ساتھ درخت لگائے ہوئے ہیں۔ گھر بناتے ہوئے انہیں بلا اجازت کسی قسم کا نقصان نہ پہنچایا جائے اور نہ ہی کاٹا جائے۔ خلاف ورزی کی صورت میں مبلغ -/ 10,000 روپے جرمانہ کیا جائے گا۔

5۔ کنسٹرکشن ایل ڈی اے سے منظور شدہ نقشہ کے مطابق کی جائے اور منظور شدہ نقشہ کی کاپی سوسائٹی آفس میں جمع کروانا ہو گی۔ سوسائٹی کا عملہ دوران تعمیر گاہے بگاہے چیک کرتا رہے گا اور نقشہ کے مطابق نہ ہونے والے کام کو روک دے گا۔ تعمیراتی کام شروع کرنے سے پہلے سوسائٹی کے دفتر سے دوبارہ منظور شدہ خاکہ اور منظوری کے دستخط حاصل کیا جانا لازمی ہے۔

6-Septic Tank بنانا لازمی ہے۔ سیوریج کا کنکشن مین ہول کے ساتھ گھر تعمیر مکمل ہونے کے بعد سوسائٹی سے تحریری اجازت لینا لازمی ہے۔

7۔ گھر کی تعمیر اور گھر کے لیے پانی کا کنکشن سوسائٹی دئے گی اور اس کی فیس مبلغ -/70,000 روپے ہو گی۔ گھر کی تعمیر کے لیے بور کرنا منع ہے۔

General Secretary
Abdalians Cooperative
Housing Society Lahore

7۔ ریمپ صرف پانچ فٹ (5ft) تک بڑھایا جائے گا۔ گھر کے باہر سڑک اور دیوار کی درمیانی جگہ کا لیول سڑک سے ایک انچ نیچے رکھا جائے تا کہ پانی سڑک پر نہ رکے اور سڑک نقصان سے محفوظ رہے۔ سوسائٹی پانچ فٹ سے زیادہ اور اونچی سطح والی ریمپ توڑنے کا حق محفوظ رکھتی ہے۔

8۔ سڑک کے کنارے ریمپ پر پتھر، اینٹیں، گملے، پودے، باڑ یا اینٹ کی کنگری بنانا ممنوع ہے۔

9۔ پانی ایک نعمت ہے اسے ضائع مت کریں اور اردگرد پانی کھڑا نہ ہونے دیں۔ ماحول کو صاف ستھرا رکھیں۔

10۔ (Soakage Pit) غرقی کی تعمیر ممنوع ہے۔

11۔ تمام تعمیراتی سامان گیٹ نمبر 2 شاہراہ نظریہ پاکستان مین روڈ والی سائیڈ سے داخل ہو گا اور گیٹ نمبر 3 بلاک۔C کے مین گیٹ سے داخل ہو گا۔ دس ویلر ٹرالہ کا داخلہ ممنوع ہے خلاف ورزی پر مبلغ -/ 50،000 روپے جرمانہ ہو گا۔

12۔ ماسوائے چوکیدار کے کسی مزدور کو زیر تعمیر گھروں میں رات کے وقت رہنے کی اجازت نہیں ہے۔

13۔ شام 6.00 بجے کے بعد کسی قسم کا تعمیراتی کام و کھدائی کرنے کی اجازت نہیں ہے اور بروز اتوار کام کرنے کی اجازت نہ ہو گی۔

14۔ سکیورٹی عملہ سے تعاون کریں۔ آپ کے تعاون سے ہم سوسائٹی کو مزید بہتر بنا سکتے ہیں۔

15۔ کمرشل پلازہ کے ہر دفتر کی حد کو صرف پارکنگ کی مخصوص جگہ استعمال کرنے کی اجازت ہے۔ دوسرے علاقوں، کھلی جگہوں یا رہائشی یونٹ کے سامنے پارکنگ کی اجازت نہیں ہے۔ کمرشل پلازہ کے سامنے پارکنگ کے علاقے کے مطابق، 1 سے 3 گاڑیوں کی پارکنگ کی اجازت ہے اس کے علاوہ کسی بھی کار/موٹر سائیکل پارک کرنے کی اجازت نہیں ہے۔ خلاف ورزی کی صورت میں مبلغ -/1000 روپے جرمانہ عائد کیا جائے گا۔

16۔ بارش کے پانی (Rainy Water) کے لیے ہر رہائشی ممبران اپنے گھر میں Recharge Well تعمیر کرے گا جس کا ڈیزائن (Design) سوسائٹی دے گی۔ اس کے بغیر Shifting / Completion Certificate نہیں ملے گا۔

جنرل سیکرٹری

General Secretary
Abdalians Cooperative
Housing Society Lahore